

Staffordshire and Stoke-on-Trent
Integrated Care Board

# ویکسینیشنز - حقائق جانیں

## ویکسینیشنز کیا ہیں؟

ویکسینیشنز ایسی دوائیں ہوتی ہیں جو انجیکشن یا ناک کے اسپرے کے ذریعے دی جاتی ہیں جو بیماری کی علامتوں کو کم کرنے، متعدی امراض کے لاحق ہونے کے امکانات کو کم کرنے اور صحت کی سنگین پیچیدگیوں کو روکنے میں مدد کرتی ہیں۔ انہیں بعض اوقات حفاظتی ٹیکے کہا جاتا ہے۔

ویکسین لگوانا ہمارے اردگرد کے لوگوں اور ہماری وسیع تر کمیونٹی کی حفاظت میں مدد کرتا ہے کیونکہ اس سے بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے۔

## ویکسین لگوانے کے کیا فوائد ہیں؟

ویکسینز بیماریوں اور امراض کے خلاف بہترین تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ جب زیادہ تر لوگ ویکسین لگوا لیتے ہیں، تو بیماریوں کا پھیلاؤ رک جاتا ہے اور ہمیں بہت کم کیسز دیکھنے کو ملتے ہیں۔ کچھ بیماریاں پوری طرح ختم ہو جاتی ہیں۔ جب لوگ ویکسینز لگوانا چھوڑ دیتے ہیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ بیماریوں کی شرح بڑھ رہی ہے اور امراض پھیل رہے ہیں۔

ویکسین لگوانا نہ صرف آپ اور آپ کے قریب ترین لوگوں کو محفوظ رکھتا ہے، بلکہ ہماری وسیع تر کمیونٹی کو بھی محفوظ رکھتا ہے۔

## ہم انہیں کب لگواتے ہیں؟

NHS کی جانب سے زندگی کے مختلف مراحل میں کئی ویکسینیشنز کی پیشکش کی جاتی ہے۔

پہلی ویکسینیشنز 8 ہفتے کی عمر میں بچوں کو دی جاتی ہیں، اس کے بعد 1 سال کی عمر، تقریباً 4 سال کی عمر اور پرائمری اور سیکنڈری اسکول کے دوران ویکسینیشنز دی جاتی ہیں۔ یہ ویکسینیشنز بچوں کو ان کی نشوونما کے دوران اور ان کی باقی زندگی کے دوران تحفظ فراہم کرتی ہیں۔

دیگر ویکسینیشنز بالغ افراد اور بڑی عمر کے لوگوں کے لیے دستیاب بنائی جاتی ہیں۔ دوسرے ممالک کے سفر کے دوران بھی آپ کو کچھ ویکسینز کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

فلو کی ویکسینیشن کی پیشکش سالانہ بنیادوں پر کی جاتی ہے اور COVID-19 کی ویکسینیشن عام طور پر سال میں دو بار ان لوگوں کو دی جاتی ہے جو زیادہ بیمار ہونے کے خطرے سے دوچار ہوتے ہیں۔

## اسلام کیا کہتا ہے؟

اسلام اس نظریے کو فروغ دیتا ہے کہ ہمارے حقوق کا دائرہ کار ہمارے ارد گرد کے لوگوں تک پھیلا ہوتا ہے۔ پیغمبرانہ تعلیمات ہمیں اپنے اعمال کے اثرات پر غور کرنے کی ترغیب دیتی ہیں۔ ویکسین لگوانے سے ہماری کمیونٹی میں بیماریوں کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے اور دوسروں کی حفاظت ہوتی ہے۔

## کیا ویکسینز میں خنزیر سے حاصل شدہ اجزاء شامل ہوتے ہیں؟

کچھ ویکسینز میں خنزیر کا جیلاٹین شامل ہوتا ہے، جو چھوٹے مالیکیولز میں ٹوٹ جاتا ہے جنہیں پیپٹائیڈز کہا جاتا ہے۔ اسے استحکام دینے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ویکسین کو ذخیرہ کرنے کے دوران محفوظ اور مؤثر رکھا جا سکے۔

بچوں کے لیے عمومی فلو کے ناک والے اسپرے اور MMR ویکسینز دونوں میں خنزیر کا جیلاٹین شامل ہوتا ہے، لیکن ان کی ایسی قسمیں بھی ہیں جن میں یہ شامل نہیں ہوتا۔ ہم ایسی فلو اور MMR ویکسینز کی درخواست کر سکتے ہیں جن میں خنزیر کا جیلاٹین شامل **نہ** ہو۔

ہم اپنے اور اپنے بچوں کے لیے خنزیر کے جیلاٹین کے بغیر والی ویکسینز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## کیا اس کے مضر اثرات ہیں؟

ہر کوئی ویکسینیشنز لگوانے کے بعد مضر اثرات محسوس نہیں کرتا، لیکن کچھ لوگ ویکسین لگوانے کے بعد بازو میں دُکھن، بند ناک یا معمولی نزلے جیسی علامات کا سامنا کرتے ہیں۔ ویکسینیشنز سے آپ بیمار نہیں ہوتے اور شدید ترین مضر اثرات بہت کم اور غیر معمولی ہوتے ہیں۔ ناک بند ہونے جیسے معمولی مضر اثرات فلو، COVID-19 یا خسرہ سے شدید بیمار ہونے سے بہت بہتر ہیں۔

دنیا بھر میں لاکھوں افراد ہر روز ویکسین لگواتے ہیں اور انہیں کوئی مسائل پیش نہیں آتے۔

## کیا حمل کے دوران ویکسینیشنز لگوانا محفوظ ہے؟

ہاں، حمل کے دوران ویکسین لگوانا بالکل محفوظ ہے اور یہ تجویز کیا جاتا ہے۔ جب ہم حمل کے دوران ویکسین لگواتے ہیں تو ہم اپنے نازائیدہ بچوں کو وہ تحفظ منتقل کرتے ہیں، جو پیدائش کے بعد ان کی زندگی کے پہلے چند ہفتوں تک باقی رہتا ہے۔ حمل کے دوران ویکسین لگوانا ان بہترین چیزوں میں سے ایک ہے جو آپ اپنے بچے کی صحت کی حفاظت کے لیے کر سکتے ہیں۔

## انٹرنیٹ پر ویکسینز کے بارے میں پھیلی تمام منفی باتوں کے بارے میں کیا خیال ہے؟

بدقسمتی سے، انٹرنیٹ ایک ایسی جگہ بن چکا ہے جہاں کچھ لوگ ویکسینز کے بارے میں جھوٹی معلومات شیئر کرتے ہیں اور پھر وہ بہت سے لوگوں تک پھیل جاتی ہیں۔

یہ بہت خطرناک ہے کیونکہ زیادہ تر معلومات میں کیے گئے دعوے سچے نہیں ہوتے اور لوگوں کو ویکسین لگوانے سے روک سکتے ہیں۔ اگر لوگ ویکسین نہیں لگواتے، تو انہیں شدید بیمار ہونے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ نیز یہ ہماری وسیع تر کمیونٹی کو بیماریوں کے پھیلاؤ کے خطرے میں ڈال دیتا ہے۔

افواہیں اور غلط معلومات آف لائن بھی پھیلتی ہیں اور آپ ہماری کمیونٹی میں لوگوں کو ویکسینیشنز کے خلاف بات کرتے سن سکتے ہیں۔ لوگوں پر وہ جھوٹی معلومات اثر انداز ہو سکتی ہیں جو انہوں نے آن لائن پڑھی ہوتی ہیں۔ براہ کرم اپنے اور اپنے خاندان کے لیے ایک باخبر انتخاب کرنے کی خاطر NHS کے قابل اعتماد ذرائع سے اپنی تحقیق خود کریں۔

ویکسینیشنز صدیوں سے دی جا رہی ہیں اور بہت محفوظ ہیں۔ براہ کرم غیر معتبر یا غیر مصدقہ ذرائع سے آن لائن پڑھی جانے والی ہر چیز پر یقین نہ کریں۔

آپ کو ہمیشہ اپنی معلومات کسی معتبر NHS ذرائع یا NHS ویب سائٹ **www.nhs.uk** سے حاصل کرنی چاہیئں۔ برٹش اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ
**www.britishima.org** پر بھی بہت سی اچھی معلومات موجود ہیں۔

اگر آپ کو کوئی خدشات ہیں تو اپنے ڈاکٹر، نرس یا مڈوائف سے بات کریں۔

## COVID-19 کی ویکسینیشنز اتنی تیزی سے کیسے تیار کی گئیں؟

بنیادی وجہ یہ تھی کہ مؤثر ویکسین کی تلاش ایک عالمی ترجیح تھی۔ فنڈنگ بہت جلد دستیاب کروائی گئی اور دنیا بھر کے سائنسدانوں نے مل کر ویکسینز کو تیار کرنے کے لیے کام کیا، جس کی وجہ سے وہ مہینوں میں سالوں کا کام مکمل کرنے میں کامیاب رہے۔

COVID-19 کی ویکسینز کے کلینیکل ٹرائلز کے دوران تمام معیاری حفاظتی طریقہ جات پر عمل کیا گیا تھا اور دوسری ویکسین یا ادویات کی طرح سخت قانونی کارروائیاں مکمل کی گئی تھیں۔

کوئی بھی دوا کبھی بھی مکمل طور پر خطرے سے پاک یا 100% مؤثر نہیں ہو سکتی، تاہم، لائسنسنگ کی سخت کارروائیاں اور حفاظتی ٹیسٹس یہ یقینی بناتے ہیں کہ صحت کو حاصل ہونے والے فوائد کسی بھی خطرے سے زیادہ ہوں۔

## ہماری کمیونٹی میں لوگوں کے لیے ویکسین لگوانا کیوں ضروری ہے؟

اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی، بنگلہ دیشی اور مسلم کمیونٹیز میں ویکسین لگوانے والے لوگوں کی تعداد دیگر نسلی گروہوں کے مقابلے میں کم ہے۔ اس کے نتیجے میں ہماری کمیونٹی میں بیماریوں اور امراض کے پھیلنے کا زیادہ خطرہ لاحق ہو جاتا ہے۔

یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہم سب کو ویکسینیشنز تک مساوی رسائی حاصل ہو اور جب بھی ان کی پیشکش کی جائے تو ہم انہیں لگوائیں۔ ہم سب پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اپنی کمیونٹیز کو امراض اور بیماری سے محفوظ رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔